نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ملتان میں کاٹن کراپ مینجمنٹ سیمینار کا انعقاد۔

لاہور:03جون2023( ) صوبہ پنجاب میں 45لاکھ ایکڑ رقبہ کپاس کے زیرِ کاشت لایا جاچکا ہے اور کپاس کی بہتر مینجمنٹ کے اس مرحلہ پر زیادہ محنت وکاوش کی ضرورت ہے یہ بات سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان میں منعقدہ کاٹن کراپ مینجمنٹ سیمینار کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔انھوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کاٹن ایکشن پلان کی خود مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔اُن کی ہدایت پر ہر ڈویژن میں کاٹن ایڈوائزری ایکسپرٹ گروپ کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے جو کاشتکاروں کی فنی راہنمائی اور بہتر مینجمنٹ کو یقینی بنائے گا۔سیمینار میں سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل ،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان پروفیسر آصف علی، ڈائریکٹر جنرل فیڈرل پلانٹ پروٹیکشن اللہ دتہ عابد، کاٹن کمشنر ڈاکٹر زاہد محمود، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ رانا فقیر احمد، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر سمیت ترقی پسند کاشتکار خالد محمود کھوکھر ،امداد اللہ چٹھہ، خادم بخش، حسن رضا سمیت دیگر کاٹن اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ ملاوٹ سے پاک زرعی زہروں کی مارکیٹ میں دستیابی یقینی بنانے کے لئے انٹیلی جنس بیسڈ ریڈ کئے جائیں گے اور جعلی وغیر معیاری پیسٹی سائیڈز کی تیاری وفروخت میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔انھوں نے کہا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز بشمول اکیڈمیا، سائنسدان، پیسٹی سائیڈز انڈسٹری، جنرز و آپٹما مشترکہ طور پر کپاس کی فی ایکڑ پیداوار کے لئے جدوجہد کریں گے تاکہ کپاس کی پیداوار کا ہدف یقینی بنایا جاسکے جس سے ملکی معیشت مستحکم ہوگی۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ کاشتکاروں کو کم سے کم مقررہ قیمت 8500روپے فی 40 کلوگرام بنایا جائے گا اور اس کے علاوہ کپاس کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے پر صوبائی وضلعی سطح پر نقد انعامات بھی دیئے جائیں گے تاکہ کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی ہوسکے۔اس موقع پر ماہرین نے بتایا کہ یوریا کھاد اور زرعی زہروں کا اندھا دھند استعمال فصل کے لئے نقصان کا باعث بنتا ہے اس لئے کاشتکار فصل کی مینجمنٹ زرعی ماہرین کے مشورہ سے کریں اور غیر ضروری سپرے و کھاد استعمال کرنے سے گریز کریں۔سیمینار میں کاٹن گروورز اور انڈسٹری کے نمائندگان نے کپاس کی بہتر نگہداشت کے حوالے سے اپنے تجربات بھی شئیر کئے۔

☆☆☆☆